# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 20 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ایک ٹریلین ڈالرمعیشت کی جانب سے ریاست کی رفتار کیلئے داوٗس کانفرنس فیصلہ کُن : وزیرِاعلیٰ کا اظہارِ خیال۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ کی جانب سے ناندیڑ میں طئے شدہ ہندد ی چادر تقریب کیلئے دعوت قبول۔

☆ ریاست کے تمام میونسپل کارپوریشن میئرعہدوں کیلئے آئندہ جمعرات کو منترالیہ میں قرعہ اندازی۔

اور۔۔۔☆ ضلع پریشد، پنچایت سمیتی انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ اتحاد کیلئے شیوسینا کا اصرار۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین ظاہر کیا ہے کہ داوٗس کانفرنس ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت کی طرف ریاست کے سفر کو تیز کرنے میں فیصلہ کُن ثابت ہوگی۔انھوں نے کل داوٗس میں اقتصادی کانفرنس میں شرکت سے قبل مہاراشٹر پویلین میں میڈیا سے بات کی۔وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ گذشتہ سال اس کانفرنس میں 16لاکھ کروڑ روپئے کے سرمایہ کاری کے معاہدوں پر دستخط کیے گئے تھےاور ریاستی حکومت نے اس سال مزید سرمایہ کاری لانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

***** ***** *****

اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت کی فی کس آمدنی سال 2030 تک چار ہزار ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔بھارتی معیشت نے سال 2025 میں چار ٹریلین ڈالر کے ہدف کو حاصل کرلیا ہے۔اگلے دو سالوں میں بھارتی معیشت کا ہدف پانچ ٹریلین ڈالر ہوگا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ترقی یافتہ بھارت جی رام جی اسکیم سے متعلق عوام کو گمراہ کرنے کیلئے کانگریس پر تنقید کی ہے۔وہ کل نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔چوہان نے کہا کہ پچھلی منریگا اسکیم کے تحت کانگریس کے ذریعے دیئے گئے حقوق صرف کاغذوں پر ہی رہ گئے۔انھوں نے مزید کہا کہ ان کی حکومت نے ضرورتمندوں کو 125 دنوں کیلئے روزگار کا حق دیا ہے۔انھوں نے کہا:

**Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chouhan**

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے ورکنگ صدر نتن نبین نے کل صدر کے عہدے کیلئے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔انھوں نے دہلی میں پارٹی صدر دفتر میں بی جے پی کے انتخابی افسر کو اپنا پرچہ نامزدگی جمع کیا۔اس موقعے پر کئی پارٹی رہنماء موجود تھے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کو ناندیڑ میں 24 اور 25 جنوری کو شری گرو تیغ بہادر صاحب جی کے 350 ویں یومِ شہادت کے موقعے پر منعقد ہونے والے ہندی دی چادر پروگرام میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ ریاستی سطح کے سٹنگ کمیٹی کے ارکان نے کل نئی دہلی میں شاہ سے ملاقات کی اور انھیں تقریب میں مدعو کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ شاہ نے 25 تاریخ کو ناندیڑ کے مودی میدان میں منعقدہ پروگرام میں شرکت کی دعوت قبول کر لی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کی 29 میونسپل کارپوریشن کے میئر عہدوں کیلئے ریزرویشن کی قرعہ اندازی جمعرات کو منترالیہ میں کی جائیگی۔ یہ عمل شہری ترقی کی وزیرِ مملکت مادھوری مساڑ کی صدارت میں ہوگا۔ میئر کے عہدوں کیلئے ریزرویشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد مختلف میونسپل کارپوریشنوں میں میئرز کے انتخاب کا عمل شروع ہو جائے گا اور حکومت سازی کی تحریک زور پکڑے گی۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے واضح کیا ہے کہ ممبئی کا میئر مہایوتی سے ہوگا۔ وہ کل ممبئی میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ شہری اس حوالے سے کسی بھی افواہ پر یقین نہ کریں۔ دریں اثناءُ اُلہاس نگر میونسپل کارپوریشن میں ونچت بہوجن آگھاڑی پارٹی کے دونو منتخب کارپوریٹروں نے شیوسینا کی حمایت کی ہے۔ ان کارپوریٹروں نے نائب وزیرِ اعلیٰ شندے کو اپنا حمایتی خط پیش کیا ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے پارٹی قائدین کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ اتحاد پر اصرار کریں۔ یہ اطلاع چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرپرست وزیر سنجئے شرساٹ نے دی۔ شرساٹ نے کہا کہ شندے نے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی غیر تسلی بخش کارکردگی پر ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

پروفیسر آنند مینسے نے کہا ہے کہ کرناٹک اور مہاراشٹر کے مابین سرحدی تنازعہ 70 سال گزرنے کے بعد بھی حل نہیں ہو سکا ہے جو کہ انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ویویکانند لیکچر سیریز سے خطاب کر رہے تھے۔ اس لیکچر سیریز میں عظیم و بزرگ تاریخ داں ڈاکٹر رام پنیانی آج لیکچر دیں گے اور مفکر اپوروانند جھا کل لیکچر دیں گے۔ ویویکانند کالج میں منعقدہ یہ پروگرام سب کیلئے کھلا ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

میونسپل کمشنر جی شریکانت نے چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے عام انتخابات میں منتخب ہونے والے تمام کارپوریٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ 30 دنوں کے اندر اپنی انتخابی مہم پر ہوئے کُل خرچ کی تفصیلات الیکشن کمیشن کو پیش کریں۔ میونسپل کمشنر نے انتباہ دیا ہے کہ مقررہ مدت میں خرچ کا حساب جمع نہ کرانے پر متعلقہ ممبر کی رُکنیت منسوخ ہو سکتی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی ایگری اسٹیک اسکیم کے تحت ربیع ہنگام کی ای فصل جانچ کی مہم 10 دسمبر سے موبائل ایپ کے ذریعے شروع کر دی گئی ہے۔ کل تک بیڑ ضلعے میں تین اعشاریہ 12 فیصد کسانوں کی فصلوں کا معائنہ مکمل کیا گیا۔ کسانوں کے ذریعے فصل کا رجسٹریشن سرکاری اسکیموں کا فائدہ حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے، اس لیے انتظامیہ نے زیادہ سے زیادہ کسانوں سے رجسٹریشن کرانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجارنے کل مرضِ جذام سے متعلق ''اسپرش'' بیداری مہم کے سلسلے میں جائزاتی اجلاس لیا۔انہوں نے ضلعے کو جذام سے پاک بنانے کیلئے دیہی سطح پر گرام سبھا کے ساتھ ساتھ اسکولوں اور کالجوں کے ذریعے وسیع پیمانے پر بیداری پیدا کرنے کی ہدایت دی۔جذام سے بچاؤ کا پندھرواڑہ30 جنوری سے 13 فروری کے درمیان منایا جائے گا۔

***** ***** *****

مہاتما گاندھی مشن یونیورسٹی کے جواہر لال نہرو انجینئرنگ کالج کی زرعی ایوی ایشن ٹیم نے دہلی کے گریٹر نوئیڈا کی گوتم بدھ یونیورسٹی میں منعقدہ قومی سطح کے مقابلے''نڈر2026 ''میں'پریسیژن ایگریکلچر'زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔اس ٹیم کو ڈیڑھ لاکھ روپے کے انعامات سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں کل ''ڈیجیٹل دور میں پسندیدہ تحریر: تصورات، تکنیک اور تصنیفات کے حقوق'' کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا آغاز ہوا۔ورکشاپ کا افتتاح وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری کی موجودگی میں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت گوندیا میں گیارہ اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔اس کے بعد ناسک میں گیارہ اعشاریہ چار اور جلگاؤں میں گیارہ اعشاریہ آٹھ اعشاریہ ڈگری سیلسیئس درجہ حرارت درج کیا گیا۔مراٹھواڑہ میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوا ہے، بیڑ میں کم از کم درجہ حرارت 15 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا، جبکہ پربھنی اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں ساڑھے سولہ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی میں 2 تا10 فروری منعقد ہونے والے سیّد شاہ تراب الحقؒ کے عرس کے موقعے پر ضلع کلکٹر سنجئے سنگھ چوہان نے کل ایک جائزہ میٹنگ لی۔چوہان نے اس عرس کیلئے مراٹھواڑہ اور پڑوسی ریاستوں سے شہر آنے والے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد کی مناسبت سے تمام انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے آٹھ تعلقوں میں 286 امیدواروں نے ضلع پریشد، پنچایت سمیتی انتخابات کیلئے ایک ہزار 315 پرچہ نامزدگی حاصل کی ہے۔ان میں سے کل تک ضلع پریشد کیلئے 27 جبکہ پنچایت سمیتی کیلئے 22 اس طرح کُل 49 درخواستیں داخل ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

چاچا نہرو فیسٹیول کل پربھنی میں شروع ہوا۔اس میلے کا افتتاح کل ضلع کلکٹر سنجئے سنگھ چوہان نے شیواجی میدان میں کیا۔ضلع خواتین واطفال بہبود آفیسر دفتر کے زیرِ اہتمام منعقدہ اس فیسٹیول میں تمام سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے چلڈرن ہومز کے بچوں نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے ضلعی سالانہ منصوبہ بندی 27-2026 کے ڈرافٹ پلان کو منظوری دے دی گئی ہے جس کی مالیت 278 کروڑ 95 لاکھ روپئے ہے۔یہ منظوری کل منعقدہ ضلعی پلاننگ کمیٹی کے اجلاس میں دیئے جانے کی اطلاع رابطہ وزیر نرہری جھرواڑ نے دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں مسلح افواج کے یومِ پرچم کیلئے فنڈ جمع کرنے کا پروگرام کل 21 جنوری سے شروع ہورہا ہے۔ضلع فوجی بہبود دفتر نے بتایا کہ یہ پروگرام شہر کے مولانا ابوالکلام آزاد آڈیٹوریم میں شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین پانچ مقابلوں کی ٹی-20 کرکٹ سیریز کا آغاز کل سے ہوگا۔ سیریز کا پہلا مقابلہ ناگپور کے جامٹھا اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلا جائے گا۔ اس مقابلے کیلئے بڑی تعداد میں شائقین کے ناگپور آنے کے امکان کو دیکھتے ہوئے سٹی پولس نے مکمل ٹریفک پلان بنایا ہے۔ میٹرو اسٹیشن سے اسپورٹس کمپلیکس تک شائقین کیلئے مفت فیڈر بس کی سہولت فراہم کی جائیگی۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ ایک ٹریلین ڈالر معیشت کی جانب سے ریاست کی رفتار کیلئے داوس کانفرنس فیصلہ کُن : وزیرِ اعلیٰ کا اظہارِ خیال۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ کی جانب سے ناندیڑ میں طئے شدہ ہند دی چادر تقریب کیلئے دعوت قبول۔

☆ ریاست کے تمام میونسپل کارپوریشن میئر عہدوں کیلئے آئندہ جمعرات کو منترالیہ میں قرعہ اندازی۔

اور۔۔۔☆ ضلع پریشد، پنچایت سمیتی انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ اتحاد کیلئے شیوسینا کا اصرار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****